کرن پروڈکشنز کا

अनपढ़

ان پڑھ

اداکاران

مالا سنہا . بلراج ساہنی

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

اَن پڑھ فلم کے

گانا نمبر ۱

سکندر نے پورس سے کی تھی لڑائی۔ جو کی تھی لڑائی تو میں کیا کروں
جیکو رنے پانڈو سے کی ہاتھا پائی۔ جو کی ہاتھا پائی تو میں کیا کروں
جو بیوی یو ٹی پٹ گئے تو بیوی بوٹی بٹ گئے
زمانے کا دستور کتنا الٹ ہے
پڑھانے ہیں سب مجھکو الٹی پڑھائی۔ ہے الٹی پڑھائی تو میں کیا کروں
یہ سورج جو شام و سحر گھومتا ہے۔ ہمیں نے دو اگر گھومتا ہے
زمیں گول اگر ہے تو ہونے دو بھائی۔ جو چپٹی ہے بھائی تو میں کیا کروں
ہے جاہل گھٹیا مگر کھائے حلوا
یہ ہر روز لوٹے مٹھائی کا جلوا
یہ دودھ میں پانی ملاتے ہے بھائی۔ نہ آئے ملائی تو میں کیا کروں
یہ بی اے ہے لیکن چلائے یہ ٹھیلا
یہ ایم اے ہے لیکن یہ بیچے کریلا
اگر تین دن سے یہ بھوکا ہے بھائی۔ جو بھوکا ہے بھائی تو میں کیا کروں
سکندر نے پورس ... جو کی تھی لڑائی ....

گانا نمبر ۲ :- رنگ برنگی راکھی لے کے آئی بہنا
راکھی بندھوا لے میرے ویر
رنگ برنگی راکھی ..... راکھی بندھوا ..... بندھوالے رے چھیلا
راکھی بندھوا لے میرے ویر

میں نہ چاندی نہ سونے کے ہار مانگوں
میں نہ چاندی نہ بھیا سونے کے ہار مانگوں
اپنے بھیا کا تھوڑا سا پیار مانگوں
اس راکھی میں پیار چھپا کے لائی بہنا ۔ راکھی بندھوا...
بندھوالے جیندا

نیلے امبر سے تارے اُتار لاؤں
نیلے امبر سے بھیا تارے اُتار لاؤں
یا میں چندا کی کرنوں کے ہار لاؤں
پیار کی بدلی بن بن کے لہرائی بہنا ۔ راکھی بندھوا....
بندھوالے جیندا ـــ

کبھی بھیا یہ بہنا نہ پاس ہوگی
کبھی بھیا یہ تیری بہنا نہ پاس ہوگی
کہیں پردیس بیٹھی اُداس ہوگی ۔ ملنے کی آس ہوگی
جانے کون بچھڑ جائیں کب بھائی بہنا ۔ راکھی بندھوا ـ
بندھوالے جیندا....

گانا نمبر ۳: ۔ دلہن نئے کلکتے کی واہ واہ واہ
دلہا نئے بمبئی کا واہ بھئی واہ ۔ واہ بھئی واہ کیا کہنا
دلہن نئے کلکتے کی ـــ
بمبئی والے کی صورت کیسی لاگی ـــ او بھالو لاگی
پیار ہیں ہمارے بولو کیسے تیئی ۔ راتوں جاگی ہماں
نام تمہارا ؟ ـــ جی رمولا

کیا ہیو گی ؟ — کو کو کو لا
کیا کھاؤ گی ! — رسگلا
نہ لایا تو — ملا گلا
اچھا ۔ جا جا جا نہیں منگانا
تو پھر آڑھی آڑھی ۔ آئی تو جاؤ ۔ باہر بارٹی
ایسا نہیں کرنا جی مر جاؤں گا
او تمہیں کے آمار بھالو بھاشیو
ای تمار بھالو بھاشی ۔ تمی الیئیو
دیکھو دیکھو کیسی یہ ادائیں لے کے آئی ہے
بجنے والا لنگ کیا ڈہائی ہے ڈہائی ہے
بابا آئی جا جی تمی راڑے مچائی ہے
دلہن ہے کلکتے کی — دولہا ہے بمبئی کا
دلہن مارواڑ کی آئی چھم چھم
دولہو نکھنو او جی مہارو ہے صنم
مہارو ہے صنم اسکا ئی غم ۔ دلہن مارواڑ
نطے کا نام عبداللہ لطیف ہے ۔ آپکا کیا اسم شریف ہے
دلکھنے ہے رسیلی ۔ مہارو نام تو چھبیلی
ارے واہ ماشا اللہ ماشا اللہ ۔ چھوڑو یلا چھوڑ دیلا
یہ کیا ہے ! — بورسیوا ہیر کا
یہ کیا ہے ! — گھگرا ابیکانیر کا
ارے منہ میں ہے بورسیوا ہیر کا ۔ یں نے پہنا ہے گھگرا ابیکانیر کا

ہائے سبحان اللہ سبحان اللہ
ایک بات پوچھوں! — کہو
میکے سے کیا لائی ہے — نخرہ درد مندوق
اور کیا لائی ہے — نخرے دن رات مندوق
دل میں کیا لائی ہے — میٹھی میٹھی ہوک
تو چل باغ میں سناؤں تجھے — کیا
کو کو کو کویا کا کوک
پیروں کا ہے باغ ہرن آجا سی
نہ جب جھیڑیں گے پریم کا راگ، ہرن آجا سی
تمہاری ماری یہ جوڑی۔ دیکھ کے اس سے لگ جائیگی آگ
ہرن آجا سی
نخرے دکھاتی ہمیں بیگم دابی خور ہے
کہتی ہے کہ جاؤ جاؤ دلی ابھی دور ہے
لاج مانے تو سے ہے تو مارو کیا قصور ہے
دلہن مارواڑ کی — دلہا لکھنؤ کا
دلہن ہے پنجاب کی واہ بھئی واہ
دلہا ہے گجرات کا جن درگا
جن درگا ہوے شادا
صدقے، دلہن ہے پنجاب کی
اد گوری گجرات کا ین جیو کرو — ہائے
لایا موں لتشریف کا کیں لو کرو

کیسم چھیے — مار و پچھے — ہوں پچھے
ایک... دو... تین... چار... پانچ... چھ
دِل میرا کھسکے جوانی تیری سدی
ہو گئے ہیں دیوانی تیرے پیچھے پیچھے سدی
جن دے آجا توں میرے ویڑے جن دے آجا
پیچھے پیچھے آؤں جہاں جاؤں جو
انکھیاں ملانے کہاں آؤں یا جو
اڈ ماں دے بھلے نناوا — دلہن کیا نناؤ جو منے
او جین دے گبت پنجاب دا
گگی آئی گڈی آئی نار دوال دی
او بابے دی داڑھی وچ اگ بالدی
گوری مر جاؤں تم سے دور دور رہ کے
کر دیا دیوانہ مجھے مار د سار د کہہ کے
جو کہنا ہے کہوں گی میں ماں بھلے نے کے
دلہن ہے پنجاب کی — دلہا ہے گجرات کا
غم نہ ہے اتنی میں پیار کی آبرو۔ وہ خفا کریں میں وفا کروں
جو وفا بھی کام نہ آسکے۔ تو وہی کہیں کہ میں کیا کروں — ہے
مجھے غم بھی ان کا عزیز ہے۔ کہ انہیں کی دی ہوئی چیز ہے
یہی غم ہے اب میری زندگی۔ اسے کیسے دل سے جدا کروں — ہے
جو نہ بن سکے میں وہ بات ہوں۔ جو نہ ختم ہو میں وہ رات ہوں
یہ لکھا ہے میرے نصیب میں۔ یونہی شمع بن کے جلا کروں — ہے

نہ کسی کے دل کی ہوں آرزو ۔ نہ کسی نظر کی ہوں جستجو
میں وہ پھول ہوں جو اداس ہو ۔ نہ بہار آئے تو کیا کروں ۔ یہ

گانا نمبر ۵ ۔ آپ کی نظروں نے سمجھا پیار کے قابل مجھے
دل کی اے دھڑکن ٹھہر جا ، مل گئی منزل مجھے ۔ آپ کی —
جی ہمیں منظور ہے آپ کا یہ فیصلہ
کہہ رہی ہے ہر نظر ، بندہ پرور شکریہ
ہنس کے اپنی زندگی میں کر لیا شامل مجھے ۔ آپ کی —
آپ کی منزل ہوں میں ، میری منزل آپ ہیں
کیوں میں ساحل سے ڈروں میرا ساحل آپ ہیں
کوئی طوفانوں سے کہہ دے مل گیا ساحل مجھے ۔ آپ کی —
پڑ گئیں دل پر میرے آپ کی پرچھائیاں
ہر طرف بجنے لگیں سینکڑوں شہنائیاں
دو جہاں کی آج خوشیاں ہو گئیں حاصل مجھے ۔ آپ کی ...

گانا نمبر ۶ ۔ وہ دیکھو جلا گھر کسی کا
یہ ٹوٹے ہیں کس کے ستارے
وہ قسمت ہنسی اور ایسے ہنسی
کہ رونے لگے غم کے مارے — وہ دیکھو —
گیا جیسے جھونکا ہوا کا ۔ ہماری خوشی کا زمانہ
دیئے ہم کو قسمت نے آنسو ۔ جب آیا ہمیں مسکراتا
بنا ہمسفر ہے سونی ڈگر ۔ کدھر جائیں ہم بے سہارے
— وہ دیکھو جلا —

ہیں راہیں کٹھن دور منزل ۔ یہ چھایا ہے کیسا اندھیرا
کہ اب چاند سورج بھی مل کر ۔ نہیں کر سکیں گے سویرا
گھٹا چھائیگی بہار آئیگی ۔ نہ آئیں گے وہ دن ہمارے ۔ وہ دیکھو
ادھر رو رہی ہیں یہ آنکھیں ۔ اُدھر آسماں رو رہا ہے
مجھے کر کے برباد ظالم ۔ پشیمان اب ہو رہا ہے
یہ برکھا کبھی تو رک جائیگی ۔ رکیں گے نہ آنسو ہمارے
وہ دیکھو ـــــ

گانا :۔ جیا لے گیو جی مورا سانوریا
لاگی من میں لگن ہوئی باوریا ۔ جیا لے گیو ـــ
آج کسی نے مجھے اپنا بنایا ۔ سانوری رنگی جیسے پیا کی چھایا
ٹھنڈی ہواؤ تم بھی تو گاؤ ۔ پیت کی دیکھو باجے جھانجریا
جیا لے گیو ـــــ

او پپیہے او پپیہے
تو نے پپیہے نہیں دیکھے مورے سیّاں
دیکھے تو لے گا اُن کی بلیاں
جا رے دیوانے مار نہ تانیں ۔ پیا کی مُن جا کے بانسریا ۔ جیا
سامنے آئیں تو میں آنکھوں میں چھپا لوں
تھام کے بیّاں انہیں دل میں بٹھا لوں
شام سویرے ساتھ ہوں میرے
گوری کے سنگ جیسے گاگریا ۔ جیا لے گیو ـــ

ختم شد

(الٰہ آباد پریس دہلی)